9- کپڑوں کی حفاظت اور رکھ رکھاؤ

اچھے اور صاف کپڑے پہننا سبھی کو اچھا لگتا ہے۔صاف ستھرے لباس پہننے سے ہماری شخصیت میں نکھار آتا ہے۔اس لئے ہم ہمیشہ کپڑون کو صاف ستھرا رکھنے کی کوشش کرتے رہتے ہیں۔انہیں دھوتے،سکھاتے اور استری کرتے ہیں۔آئے کپڑوں کی دیکھ بھال کے بارے میں مزید کچھ معلومات حاصل کریں۔

مقاصد:

1) صاف ستھرے کپڑوں کی اہمیت کی معلومات اکھٹا کرنا۔

2) کپڑوں پر لگنے والے مختلف اقسام کے داغوں کے بارے میں جاننا۔

3) مختلف اقسام کے داغوں کو نکالنے کے بارے میں جاننا۔

آیئے بحث ومباحثہ کریں۔

کپڑے دھونا کیوں ضروری ہے؟

ذیل میں دیئے گئے پیراگراف کو بلند آواز اور واضح تلفظ کے ساتھ پڑھیں۔

ہم سبھی جانتے ہیں کہ کپڑے پہننے سے وہ گندے ہو جاتے ہیں۔اور انہیں دھونے کی ضرورت پڑھتی ہے۔گندگی: داغ،دھبّے،دھول،گریس،اور پسینے کی وجہ سے کپڑوں کو دھونا پڑھتا ہے۔اگر یہ کپڑوں میں لمبے وقت کے لیئے لگے رہیں تو انہیں کئی طرح سے نقصان ہوتا ہے۔

جیسے:

1) داغ دھبوں اور دھول،جراثم،دیمک،دیگر جراثم بڑھنے کے اسباب بن جاتے ہیں۔یہ جلدی بیماریوں کی افزائش کرتے ہیں اور انفرادی طور پر صاف صفائی میں مسائل پیداء کرتے ہیں۔

2) میلے کپڑے اپنی تازگی کھو دیتے ہیں اور ان سے بد بو آنے لگتی ہے۔

3) کپڑوں میں لگے داغ،دھبوں کو لمبے وقت تک ایسے ہی چھوڑنے سے کپڑے کی مضبوطی کم ہو جاتی ہے۔

4) داغ لگے ہوئے کپڑے پہننا کوئی پسند بھی نہیں کرتا،کپڑے کو پہننے کے بعد دھونا ضروری نہیں ہوتا ہے۔یہ اس بات پر منحصر ہوتا ہے کہ کپڑے کس موسم میں پہنے جارہے ہیں۔اور ان میں کتنا پسینہ سمایا ہوا ہے۔جب موسم اچھا ہو اور آپ کو پسینہ نہیں آرہا ہو تو آپ اپنے کپڑوں لو بغیر دھوئے ہوئے دوبارہ استعمال کر سکتے ہیں۔

سرگرمی 1:

ذیل میں دیئے گئے جدول میں مشکل سے نکلنے والے داغ اور آسانی سے نکلنے والے داغ کی زمرہ بندی کریں۔

1) آسانی سے نکلنے والے داغ　　　2) مشکل سے نکلنے والے داغ

اوپر دیئے گئے جدول کو بھرنے کے بعد اپنی فہرست کردہ داغوں کو ذیل کے جدول میں درجہ بندی کریں۔

داغ کے زمرہ	داغ
سبزیوں کے داغ	
چکنے داغ	
جانوروں کے داغ	
معدنی داغ	
مختلف اقسام کے داغ	

ذیل میں دیئے گئے پیراگراف کو بلند آواز اور واضح تلفظ کے ساتھ پڑھیں ۔داغوں کو ان کے اصل ذرائع کی بنیاد پر درجہ بندی کی جاتی ہے۔ جیسے: چائے،کافی،تیلوں کے داغ ،سبزیوں کے داغ ،تیل یا گھی کے چکنے داغ،خون، دودھ،انڈے ،اور جانوروں کے داغ،رنگوں اور معدنی داغ،رنگ،سیاہی،گھاس،پسینہ،وغیرہ کومختلف اقسام کے زمروں میں رکھا جاتا ہے۔ان داغوں کو صاف کرنے کے لیے الگ الگ اشیاء اور طریقوں کا استعمال کیا جاتا ہے۔داغ کی اقسام کی بنیاد پر داغ نکالنے والے مادوں کا انتقاب کیا جاتا ہے۔داغ نکالنے کے لیے استعمال ہونے والے کچھ معدی اشیاء شامل ہے جیسے: بورکس پوڈر،امونیا،ہیڈروجن کراسائیڈ،اوجیلک عمل اورفوری طور پر استعمال کئے جانے والے بلیچ۔داغوں کے اقسام اورانہیں صاف کرنے کے طریقے عمل۔

1) سبزیوں (نباتاتی) داغ	چائے،کافی،پھل وغیرہ۔	
صاف کرنے کا طریقہ	داغوں کو ہٹانے کیلئے بورکس پوڈر جیسی اشیاء کا استعمال کرتے ہیں۔	
داغ	سفید سوتی کپڑے	رنگین سوتی کپڑے
چائے،کافی،پھل	نئے داغ: داغ کے اوپر گرم پانی ڈالیں۔	پانی اور بورکس (2 کپ پانی اور 1/2 چمچہ بورکس پوڈر) کے محلول میں ڈبا کر رکھیں۔
	پرانے داغ: داغ لگے حصے کو گلیسرین میں ڈبائیں یا پھر داغ کے اوپر بورکس پوڈر چھنکے اور داغ والے حصے کو مگ کی مدد سے گرم پانی ڈال کر رگڑیں۔	سفید سوتی کپڑے کیلئے استعمال ہونے والے طریقے عمل استعمال کریں۔
2) جانوروں کے داغ	خون،دودھ،انڈاوغیرہ۔	
صاف کرنے کا طریقہ	گرمی سے محفوظ رکھنا چاہئے۔کیوں کہ ان داغوں میں موجود پروٹین گرمی کی وجہ سے کپڑوں میں منقسم ہوجاتے ہیں۔	

خون، دودھ، انڈا	نئے داغ: ٹھنڈے پانی اور صابن سے صاف کریں۔ پرانے داغ: نمک کے پانی یا(2 چھوٹے چمچ نمک+ایک بالٹی پانی) میں ہلکے امونیا میں ڈوبائیں۔	سفید سوتی کپڑے کیلئے استعمال ہونے والے طریقے عمل استعمال کریں۔
3) چکنے داغ	مکھن، گھی، تیل، تری، جوتے کی پالش، آئیل پنٹ۔	
سفید کرنے کا طریقہ	چکنے مادوں کو ہٹانے کیلئے چکنائی جذب کرنے والئے مادے۔جیسے چارک ٹیلکم پوڈر کا استعمال کریں۔اس کے بعد رنگ کو ہٹائیں۔	
مکھن، گھی، تیل، سالن وغیرہ	نئے داغ: گرم پانی اور صابن سے دھوئیں۔گھاس یا پودے کے اوپر رکھ کر سکھائیں۔ پرانے داغ: صابن اور پانی کا محلول بنا کر داغ کے اوپر لگائیں۔لیکن اسے چھاؤں میں سکھائیں۔اسے دھوپ میں تب تک نہ رکھیں جب تک داغ نکل نہ جائیں۔	سفید سوتی کپڑے کیلئے استعمال ہونے والے طریقے عمل استعمال کریں۔
4) معدنی داغ		
رنگ اور دیگر دوائیں۔	ان میں ہر ایک داغ کو خصوصی توجہ دیں۔	
لوہے کا زنگ	نئے داغ: نیمبو کا رس اور نمک کا محلول کو داغ پر رگڑیں۔ پرانے داغ: اس میں ہلکے آکجیلک اسیڈ کا استعمال کریں۔اور ہلکے بورکس محلول کا استعمال کریں۔	سفید سوتی کپڑے کیلئے استعمال ہونے والے طریقے عمل استعمال کریں۔
5) مختلف داغ	صاف کرنے کا طریقہ: ان میں سے ہر ایک داغ کو مخصوص توجہ دیں۔ رنگ، سیاہی، دیمک، گھاس، پسینہ۔	
سیاہی	نئے داغ: صابن اور ٹھنڈے پانی سے صاف کریں۔ پرانے داغ: 1) اسے چھانچ میں آدھے گھنٹے کیلئے ڈبا کر رکھیں۔ 2) نیمبو کا رس اور نمک لگا کر اسے دھوپ میں رکھیں۔ 3) داغ کو bleached کریں۔	سفید سوتی کپڑے کیلئے استعمال ہونے والے طریقے عمل استعمال کریں۔

سرگرمی 2 :

دئے گئے طریقوں کا استعمال کر کے سبھی داغ نکالنے کی کوشش کریں۔

کیا آپ جانتے ہیں؟

ہندوستان کے ہر ایک ریاست میں خاص دستکاری کا کپڑا ملتا ہے۔جس کی دنیا بھر میں مانگ ہے۔دستکاری کا یہ ہنر صدیوں سے چلا آرہا ہے۔اور آج بھی موجود ہے۔کیا آپ اپنی ریاست میں بننے والے کپڑے کے بارے میں جانتے ہیں۔

اہم الفاظ:

bleached، بورکس پوڈر،سبزیوں کے داغ، چکنے داغ، جانوروں کے داغ،معدنی داغ۔